رول نمبر ---------------- (امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2021-2023)

اردو (لازمی) 222 - (انٹر پارٹ ۔I) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) **PAPER CODE = 6026** کل نمبر : 20

(دوسرا گروپ)

LHR-G2-22

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1	وہ مقصد جس کے لیے تشبیہ دی جاتی ہے وہ ہے :	(A) مشبہ	(B) حرفِ تشبیہ	(C) غرضِ تشبیہ	(D) طرفین تشبیہ
2	حروفِ تشبیہ کا دوسرا نام کیا ہے :	(A) مشبہ	(B) اداتِ تشبیہ	(C) مشبہ بہ	(D) غرضِ تشبیہ
3	قرطبہ شہر میں عام لوگوں کے مکانات تھے :	(A) دولاکھ	(B) ایک لاکھ	(C) تین لاکھ	(D) چار لاکھ
4	مستعارلہ اور مستعارمنہ کو کیا کہتے ہیں :	(A) طرفین تشبیہ	(B) وجہ جامع	(C) طرفین استعارہ	(D) وجہ شبہ
5	لاہور کی سب سے بڑی صنعت ہے :	(A) رسالہ سازی	(B) انجمن سازی	(C) دندان سازی	(D) چمڑاسازی
6	استعارہ کے لفظی معنی کیا ہیں :	(A) مستعار لینا	(B) شمار کرنا	(C) ادھار دینا	(D) قرض اتارنا
7	" اوورکوٹ " کا اختتام کس چیز کے ذکر پر ہوا :	(A) بید کی چھڑی پر	(B) فلیٹ ہیٹ پر	(C) اوورکوٹ پر	(D) گلوبند پر
9-1	ان میں سے تلمیح کیا ہے :	(A) آگ	(B) سمندر	(C) بادشاہ	(D) آبِ حیات
10	بقول غالب صاحبِ فراش ہوتے ہوتے وہ مسودات کس طرح دیکھتے ہیں :	(A) لیٹے لیٹے	(B) چلتے پھرتے	(C) کھڑے کھڑے	(D) بیٹھے بیٹھے
11	اس ---- ناک ستواں ہے :	(A) کا	(B) کے	(C) کی	(D) کو
12	جس غزل میں ردیف نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں :	(A) مسلسل غزل	(B) مقفیٰ غزل	(C) غیرمردّف	(D) مردّف
13	مرض ---- جوں جوں دوا کی :	(A) بڑھتی گئی	(B) بڑھتا گیا	(C) بڑھتی گئیں	(D) بڑھتے گئے
14	قافیہ کا لغوی معنی ہے :	(A) پے در پے آنے والا	(B) طلوع کرنا	(C) تکرار	(D) کوئی بھی نہیں
15	یہ اردو -------- بہترین لغت ہے :	(A) کا	(B) کی	(C) کے	(D) کو
16	قافیہ کہتے ہیں :	(A) غزل کا پہلا شعر	(B) غزل کا آخری شعر	(C) ردیف سے پہلے استعمال ہونے والے ہم وزن الفاظ	(D) بار بار دہرائے جانے والے الفاظ
17	مقطع کس لفظ سے ماخوذ ہے :	(A) قطعہ	(B) قطع	(C) رباعی	(D) مسدس
18	ذرا سی دیر میں جھاگ ----- :	(A) بیٹھ گئی	(B) بیٹھ گیا	(C) بیٹھ گئے	(D) بیٹھ گئیں
19	مطلع کے لغوی معنی ہیں :	(A) طلوع ہونے کی جگہ	(B) غروب ہونے کی جگہ	(C) ابتدا کرنا	(D) ختم کرنا
20	اُس نے مجھ سے حلف ----- :	(A) لیا	(B) لی	(C) لیے	(D) لیں

ParhloPakistan.com

رول نمبر ....(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2021-2023)

اردو (لازمی) | 222 - (انٹر پارٹ-II) | وقت: 2.40 گھنٹے

پرچہ: II (انشائیہ طرز) | (دوسرا گروپ) | کل نمبر: 80

(حصہ اوّل)

LHR-G2-22

2- (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 8,1,1

ہلالِ خنجر قومی عطیہ ہے شہیدوں کا   جو خود قربان ہو کر، بھر گئے دامن نویدوں کا
حسینؓ ابن علیؓ کے اسوۂ مردانہ کا پرچم   برائے شمعِ ملت، سوزشِ پروانہ کا پرچم

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 9,1

ذکرِ اغیار سے ہوا معلوم   حرفِ ناصح بُرا نہیں ہوتا
تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے   ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا
تم مرے پاس ہوتے ہو گویا   جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

(حصہ دوم)

3- سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 10,3,1,1

(الف) میر بادشاہ میرے پاس آئے تھے۔ تمہاری خیر و عافیت ان سے معلوم ہوئی تھی۔ میر قاسم علی صاحب مجھ سے نہیں ملے۔ پرسوں سے نواب مصطفیٰ خاں صاحب یہاں آئے ہوئے ہیں۔ ایک ملاقات ان سے ہوئی ہے۔ ابھی یہیں رہیں گے، بیمار ہیں، احسن اللہ خاں معالج ہیں، فصد ہو چکی ہے، جونکیں لگ چکی ہیں، اب مسہل کی فکر ہے، سوا اس کے سب طرح کی خیر و عافیت ہے۔

3- (ب) ایک دو غلط فہمیاں البتہ ضرور رفع کرنا چاہتا ہوں۔ لاہور پنجاب میں واقع ہے لیکن پنجاب اب پنج آب نہیں رہا۔ اس پانچ دریاؤں کی سرزمین میں اب صرف ساڑھے چار دریا بہتے ہیں اور جو نصف دریا ہے وہ تو اب بہنے کے قابل ہی نہیں رہا۔ اس کو اصطلاح میں راوی ضعیف کہتے ہیں۔ ملنے کا پتا یہ ہے کہ شہر کے قریب دو پل بنے ہوئے ہیں۔ ان کے نیچے ریت میں یہ دریا لیٹا رہتا ہے، بہنے کا شغل عرصے سے بند ہے۔ اس لئے یہ بتانا بھی مشکل ہے کہ شہر دریا کے دائیں کنارے پر واقع ہے یا بائیں کنارے پر۔

4- کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے: (الف) اپنی مدد آپ۔ (ب) دوستی کا پھل۔ 1,9

5- دلاور فگار کی نظم ''لوکل بس'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6- دو بزرگوں کے درمیان بچپن کی سنہری یادوں کے حوالے سے ہونے والی گفتگو کو مکالماتی انداز میں لکھیے۔ **یا** عید الاضحیٰ کے دن کی رُوداد لکھیے۔ 10

7- کالج کے پرنسپل کے نام جرمانہ معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8- درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: 10

عشق ایک خاصہ پیہم آرزو ہے۔ اقبال کا تصورِ عشق ہمارے دوسرے شعراء کے نام نہاد رسمی عشق سے بالکل مختلف ہے۔ ان کے ہاں وہ زندگی کا ایک زبردست محرکِ عمل ہے۔ اقبالؒ عشق سے تسخیرِ فطرت کا کام لیتا ہے اور اس کے ذریعے اپنے دل کو کائنات سے متحد بھی کرتا ہے۔ اس کی بدولت انسان کی نظر اتنی بلند ہو جاتی ہے کہ وہ اپنی ہمت مردانہ کے سامنے جبریلؑ کو صیدِ زبوں سمجھنے لگتا ہے اور اپنے وجدان کی کمند سے ذاتِ یزداں پر قابو پانے کے منصوبے سوچتا ہے۔ یہ ایک وجدانی کیفیت ہے جس کا خاصہ مستی انہماک اور جذبِ کلی ہے۔

ParhtoPakistan.com